30-10-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کانگریس کیڈرس سے کہا ہے کہ ریاست میں ذات پات کے مجوزہ سروے کیلئے بنیادی سطح پر تعاون کو دراز کیا جائے۔

☆دیوالی کے تہوار کے پیش نظر مسافرین کے ہجوم کو کم کرنے کیلئے ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے مختلف مقامات تک 850 سے زائد خصوصی ٹرینیں چلائی جارہی ہیں۔

☆ریاستی گورنر جیشنو دیو ورما نے دیوالی کے موقع پر تلنگانہ کے عوام کو مبارک باد پیش کی ہے۔

☆مختلف اضلاع میں آج دوپہر بارش ہوئی جبکہ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اوسط بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

سی پی آئی پارٹی نے آج ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ریتو بھروسہ، وظائف اور راشن کارڈس سے متعلق دیئے گئے وعدوں کو پورا کرنے پر توجہ دی جائے۔ کریم نگر میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارٹی کے ریاستی سکریٹری سامبا شیوا راؤ نے حکومت سے کہا کہ فلاحی پروگراموں کو نافذ کرنے کے تعلق سے وضاحت کی جائے۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ زرعی قرضہ جات کے لئے صد فیصد تک توسیع دی جانی چاہئے، انہوں نے عوام سے کہا کہ اپوزیشن کے الزامات پر توجہ نہ دیں۔ انہوں نے اس خیال کا بھی اظہار کیا کہ پیشرو حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے ریاست مقروض ہوگئی ہے۔ سامبا شیوا راؤ نے مزید کہا کہ سی پی آئی پارٹی، رواں برس چھبیس ڈسمبر کو پارٹی کی صد سالہ یوم تاسیس منائے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے حسن آباد میں 100 بستروں والے دواخانہ کو 250 بستروں کے ذریعہ ترقی دینے کے لئے احکامات جاری کئے ہیں۔ صحت و خاندانی بہبود کے محکمہ کی جانب سے اس مقصد کیلئے 82 کروڑ روپئے بھی جاری کئے گئے۔

☆☆☆☆☆

پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے آج پارٹی کیڈرس پر زور دیا ہے کہ ریاست بھر میں آئندہ ماہ کی چھ تاریخ سے شروع ہونے والے ذات پات کے سروے کے لئے اپنی جانب سے مکمل تعاون کریں۔ حیدرآباد کے گاندھی بھون میں واقع کانگریس پارٹی کے ہیڈکوارٹرس پر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں گوڑ نے پارٹی ورکرس سے کہا کہ اس باوقار عمل کو کامیاب بنانے کیلئے اپنی جانب سے مکمل کاوشیں کی جائیں۔ اس میٹنگ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ان کے نائب ملو بھٹی وکرما آرکا، مختلف وزراء، پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ اور لیجسلیچرس نے بھی شرکت کی۔ بعدازاں نائب وزیراعلیٰ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اگر ذات پات کا سروے کامیابی سے مکمل کیا جاتا ہے تب ریاست تلنگانہ کو ایک بڑا اعزاز حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس سروے سے ہمارے دستور کے بنیادی اصولوں کا تحفظ کرنے میں مدد ملے گی اور سب کو مساوی حقوق بھی فراہم ہوں گے۔ اس موقع پر کانگریس لیڈرس نے اضلاع کے لیڈرس اور کیڈرس سے کہا کہ اس سروے کے تعلق سے عوام میں شعور بیداری کی جائے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے بعض اضلاع میں آج اور کل ہلکی تا اوسط بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے بتایا کہ آج بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے کے علاوہ بارش بھی ہوسکتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جنوبی چھتیس گڑھ کے بالائی علاقہ میں بنے ہوا کے دباؤ کا عمل کمزور پڑ گیا ہے جبکہ آندھرا پردیش کے ساحل پر یہ صورتحال ہنوز برقرار ہے۔ اسی دوران مختلف اضلاع میں آج کہیں کہیں اوسط بارش درج کی گئی۔ ضلع ورنگل کے علاقہ منگل واری پیٹ میں آج دوپہر 5.1 سنٹی میٹر بارش ہوئی جبکہ کھمم، نرمل، جنگام، کتہ گوڑم، آصف آباد، سوریا پیٹ اور منچریال اضلاع میں بھی بعض مقامات پر تقریباً دو سنٹی میٹر بارش درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

میدک کے بی جے پی رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے آج کہا ہے کہ اگر ریاستی حکومت، پیشرو حکومت کے رشوت خور لیڈرس کے خلاف کارروائی کرتی ہے تب ان کی پارٹی اس کا خیرمقدم کرے گی۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں اندراماں کمیٹیوں کے خلاف قانونی راستہ اپنایا جائے گا۔ انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے بی آر ایس کو سبکدوش کردیا ہے جبکہ الزام عائد کیا کہ کانگریس لیڈرس غلط اقدامات میں ملوث ہیں۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کی نائب صدر و محبوب نگر کی ڈی کے ارونا نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت عوامی صحت کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے تمام تر اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے ضلع محبوب نگر کے منڈل جنم پیٹ میں پہلے ماڈل رورل ہیلتھ ریسرچ یونٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ارونا نے کہا کہ اس یونٹ سے دیہی عوام میں صحت کے تعلق سے شعور بیداری میں مدد ملے گی۔ اس کے علاوہ اس سے تغذیہ کے تعلق سے بھی حاملہ خواتین میں شعور بیدار ہوگا۔ یہ یونٹ 4.5 کروڑ روپئے کی لاگت سے قائم کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

کرومورتی سری وینکٹیشورا سوامی جاترا کے پیش نظر متحدہ ضلع محبوب نگر میں 9 ڈپوز سے آر ٹی سی کی 179 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔ یہ جاترا جمعہ سے شروع ہوگی اور 18 نومبر تک جاری رہے گی۔ آر ٹی سی کی ریجنل منیجر سری دیوی نے بتایا کہ اس کے علاوہ آئندہ ماہ کی 7 اور 9 تاریخ کو بھی زائد تعداد میں خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اس وقت سکیورٹی مزید سخت کردی گئی جب آج تین طیاروں میں بم رکھے جانے کی اطلاع موصول ہوئی۔ اس کے بعد تین طیاروں کی تلاشی بھی لی گئی۔ یہ اطلاع موصول ہوتے ہی سی آئی ایس ایف کا عملہ ایکشن میں آگیا۔ چینائی جانے والی دو پروازوں کے علاوہ چینائی سے آئی ایک پرواز کی بھی مکمل تلاشی لی گئی۔ سمجھا جاتا ہے کہ سی آئی ایس ایف کی مخالف سبوتاج ٹیموں نے بعد ازاں بم سے متعلق اطلاعات کو جھوٹی قرار دیا۔ گزشتہ چند دن کے دوران آر جی آئی ایئرپورٹ پر بم سے متعلق اطلاعات میں اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆

دیوالی کے تہوار اور چھٹ پوجا کے پیش نظر ساؤتھ سنٹرل ریلوے کی جانب سے اہم جنکشنوں سے مختلف مقامات تک کیلئے 850 خصوصی ٹرینیں چلائی جارہی ہیں تاکہ ریلوں میں مسافرین کے ہجوم کو کم کیا جاسکے۔ ایس سی آر کے سینئر عہدیداروں نے بتایا کہ زائد ریلوے پولیس فورس اور ٹی سی جیسے زائد عملہ کو بھی مقرر کیا گیا ہے جبکہ زائد بکنگ کاؤنٹرس بھی کھلے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

س سے پہلے سی ایم ریونت ریڈی نے کہا کہ یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ کانگریس پارٹی کے لیڈر راہول گاندھی کی جانب سے عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کیا جائے۔ انہوں نے پارٹی لیڈرس اور کیڈر سے کہا کہ عہدیداروں کے ساتھ تال میل کرتے ہوئے بنیادی سطح پر اس سروے کو کامیاب بنایا جائے۔ انہوں نے پارٹی کو تجویز پیش کی کہ ریاست بھر کے تمام 33 اضلاع کیلئے 33 مبصر مقرر کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ ماہ کے اختتام تک ذات پات کا سروے مکمل کئے جانے کے بعد پارٹی کو مستقبل میں مزید اقدامات کیلئے تیار رہنا ہوگا۔ ریونت ریڈی نے یہ محسوس کیا کہ ذات پات کا سروے، صحت کی جانچ کی طرح ہے جس سے حکومت سماجی انصاف کی بنیاد پر رقومات تقسیم کرسکتی ہے۔ ریونت ریڈی نے پارٹی کیڈر پر اس بات کیلئے بھی زور دیا کہ حکومت کے مختلف اقدامات کے تعلق سے اپوزیشن کے الزامات کو نظرانداز کریں۔ اس سے پہلے پی سی سی صدر مہیش کمار نے کہا کہ گاندھی بھون میں واقع پارٹی ہیڈکوارٹرس پر ایک کنٹرول روم قائم کیا جائے گا تاکہ تعلیم، روزگار، سیاست اور ذات پات کے سروے کے تعلق سے شبہات کو دور کیا جاسکے۔ مہیش کمار گوڑ کے مطابق مذکورہ سروے ایک دلیرانہ اقدام ہے جسے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور ان کے نائب ملو بھٹی وکرما آرکا نے اٹھایا ہے۔

☆☆☆☆☆

کاماریڈی کے ضلع کلکٹر آشیش سنگوان نے آج سیول سپلائیز کے عہدیداروں سے کہا ہے کہ ضلع میں ہر رائس میل کے ساتھ ایک زرعی ایکسٹنشن آفیسر کو مربوط کیا جائے۔ انہوں نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ دھان کی خریدی کے مراکز کے قیام کے عمل میں تیزی لائی جائے۔

☆☆☆☆☆

اریاست بھر میں آئندہ ماہ کے پہلے ہفتہ سے شروع کئے جانے والے ذات پات کے سروے کے سلسلہ میں بلدی کمشنرس کے علاوہ ریونیو اور منڈل عہدیداروں کیلئے تربیتی پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔ بھدرادری کتہ گوڑم کے کلکٹر جتیش پاٹل نے ضلع کے عہدیداروں سے کہا ہے کہ ضلع کے ہر بلاگ میں تمام خاندانوں کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے سوپروائزرس اور دیگر عملہ میں شعور بیداری پیدا کی جائے۔ نرمل کے کلکٹر ابھیلا شا ابھینو نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ سروے مکمل کرنے کے بعد ہر گھر پر ایک اسٹیکر چسپاں کیا جائے۔ کلکٹر نے عہدیداروں سے یہ بھی کہا کہ ہر ذمہ دار عہدیدار کو 150 مکانات مختص کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆

فہرست رائے دہندگان میں ناموں کی شمولیت کیلئے ریاست بھر میں آئندہ ماہ 9 اور 10 تاریخ کو ایک خصوصی مہم چلائی جائے گی۔ ان دو دن کے دوران تمام مراکز رائے دہی پر ووٹر لسٹوں میں ناموں کی شمولیت فراہم رہے گی جبکہ آئندہ برس یکم جنوری کو اٹھارہ سال عمر مکمل کرنے والے بھی اپنے نام شامل کرا سکتے ہیں۔ کاماریڈی کے ضلع کلکٹر آشیش سنگوان نے رائے دہندوں سے کہا کہ ڈرافٹ ووٹر لسٹ میں اپنے نام اور دیگر تفصیلات کی جانچ کرلیں اور آئندہ ماہ کی 28 تاریخ تک کسی بھی طرح کی تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ہنمکنڈہ کی کلکٹر پراوینیا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ صرف اُن رائس میلرس کو دھان فراہم کی جائے جنہوں نے ایک ہفتہ کے اندر سکیورٹی ڈپازٹ جمع کرائی ہو۔ کلکٹر نے رائس میلرس سے کہا کہ ضلع میں دھان کی خریدی کے عمل کو پرامن طور پر منعقد کرنے کیلئے تعاون کریں۔ انہوں نے ریونیو عہدیداروں سے کہا کہ اس عمل کو عمدگی کے ساتھ انجام دینے کیلئے ہر رائس مل کے ساتھ ایک عہدیدار کو مربوط کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی گورنر جیشنو دیو ورما نے آج عوام کو دیوالی کی بھرپور مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے اپنے ایک پیام میں کہا کہ روشنیوں کا تہوار برائی پر اچھائی کی جیت کی علامت ہے جبکہ اس طرح کے مواقع سے ہمیں موجودہ دور کی بری طاقتوں کے خلاف مقابلہ کرنے اور ایک ایسے سماج کو تعمیر کرنے میں تحریک ملتی ہے جہاں امن اور خوشحالی ہو۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اس تہوار کو منانے کیلئے مقامی اشیاء کی خریدی کو یقینی بنائے کیوں کہ مقامی سطح پر تیار کردہ اشیاء کو گھروں میں لانے سے زندگیوں میں نئی روشنی آئے گی اور آتمانربھر بھارت کی نئی تحریک پیدا ہوگی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد ڈسٹرکٹ نہرو یووا کیندرا کی جانب سے میرا بھارت پروگرام کے تحت دیوالی کا اہتمام کیا گیا اور حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں کئی فلاحی اقدامات کیے گئے۔ تقریباً دو سو نوجوانوں نے بازاروں میں صفائی کی اور دواخانوں میں خدمات انجام دینے کے علاوہ طلبہ اور عوام میں ٹرایفک کے تعلق سے شعور بیدار کیا۔ ان نوجوانوں نے آج چکڑ پلی میں ٹرایفک سے متعلق شعور بیداری پروگرام کا اہتمام کیا جس میں 250 سے زائد نوجوانوں نے حصہ لیا۔

☆☆☆☆☆

عوام کو دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے صدرنشین تلنگانہ اردو کونسل کے جنرل سکریٹری ڈسٹرکٹ کانگریس حیدرآباد سید مجتبیٰ عابدی نے کہا ہے کہ یہ روشنیوں کا تہوار ہے جس سے عوام کو ایک دوسرے سے قریب لانے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تہواروں کے موقع پر میل ملاپ کا مظاہرہ کریں کیوں کہ ہر مذہب یہی سکھاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

ہفتہ شہیدان پولیس کے ضمن میں ریاست بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ریڈ کراس اور پولیس کی جانب سے بھونگیر میں ایک خون کا عطیہ کیمپ منعقد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس راکیش چندرا نے اس کیمپ کا افتتاح کیا اور ہر شخص کی جانب سے خون کا عطیہ دینے کی حمایت کی۔

☆☆☆☆☆